# وضاحت نسیم



پیدائش: ۱۹۵۶ء

تصانیف: اندھی گلی میں سورج، خواب دریچے

## کام

ذات میں اپنی گُم
کام سے اپنے کام تمھیں
ہم سے اچھے تم

(ماخوذاز: اندھی گلی میں سورج)

## مشق

**سوال۱:** درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:

(الف) گیت کی صنف کس زبان سے اُردو میں آئی ہے؟
(ب) رسا چغتائی کی بنیادی وجہِ شہرت کون سی شعری صنف ہے؟
(ج) لفظوں کی سِلی ہوئی "قبائیں" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(د) ثلاثی اور ہائیکو میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
(و) ہائیکو "کام" کا مرکزی خیال کیا ہے؟
(ہ) ہائیکو "زینہ" کے عنوان کی وضاحت کیجیے۔
(ز) ہائیکو کس زبان سے اُردو میں آئی؟

**سوال ۲:** درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

۱۔ کتاب میں شامل گیت کے شاعر ہیں:

(الف) نگار صہبائی　　(ب) حمایت علی شاعر
(ج) وضاحت نسیم　　(د) رسا چغتائی

۲- مکمل مصرع ہے: ذات میں اپنی ________ :

(الف) غرق (ب) گم (ج) بے خود (د) گویا

۳- حمایت علی شاؔعر کی ثلاثی کا عُنوان ہے:

(الف) رَوِش (ب) طرز (ج) اُسلوب (د) شیوہ

۴- مکمل مصرع ہے: اور میں تیری سوچ میں ____________ :

(الف) یکتا (ب) تنہا (ج) الگ تھلگ (د) جُدا

۵- وضاحت نسیمؔ کی ہائیکو کا عنوان ہے:

(الف) کام (ب) اُونچائی (ج) زِینہ (د) منزل

**سوال ۳: کتاب میں درج گیت کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔**

☆ **گیت:** ایسی صنعتِ شعر ہے جس میں ایک عورت، مرد کو مخاطب کر کے اظہارِ محبت کرتی ہے۔ گیت میں جذبات اور احساسات خصوصاً ہجر اور فراق کی کیفیت بڑے والہانہ انداز سے لکھی جاتی ہے۔ بعض گیتوں میں محبت کا اظہار مرد کی طرف سے بھی ہوتا ہے۔ مگر گیت کا بنیادی مزاج یہی ہے کہ وہ محبت میں مبتلا ایک عورت کے دل کی پکار ہے۔

☆ **ہائیکو:** ہائیکو جاپانی صنف ہے۔ یہ تین سطروں پر مشتمل مختصر نظم ہوتی ہے۔ ہائیکو کا پہلا اور تیسرا مصرع ہم وزن اور درمیانی مصرع نسبتہً طویل ہوتا ہے۔ اس کی بناوٹ پانچ، سات اور پانچ صوتی ارکان (Syllabes) کے وزن پر قائم ہوتی ہے۔ ہائیکو کی خوبی اختصار اور کفایت لفظی ہے۔

☆ **ثلاثی:** ثلاثی تین مصرعوں پر مشتمل شعری ہیئت ہے جو ایک مکمل نظم کی حیثیت رکھتی ہے۔

## سرگرمیاں

۱- طلبہ اس کتاب میں شامل گیت کے علاوہ اپنی پسند کا کوئی گیت کمرۂ جماعت میں سنائیں گے۔

۲- طلبہ کتب خانے سے استفادہ کرتے ہوئے چند ہائیکو منتخب کر کے کمرۂ جماعت میں پیش کریں گے۔

## برائے اساتذہ

۱- طلبہ کی سرگرمیوں کی رہ نمائی اور نگرانی کیجیے۔

۲- ہائیکو کا دیگر انتخاب بھی طلبہ کو سنائیے۔